پروفیسر سید شفقت حسین

تنقید و تبصرہ

نام کتاب : خطوط ماجدی
مرتب : ڈاکٹر ابو سلمان شاہجہانپوری
صفحات : ۲۶۴
قیمت : ۶۰ روپے
ناشر : ادارہ تصنیف و تحقیق کراچی ۷۵۸۰۰

مشاہیر کے خطوط کی اشاعت ایک عام روایت بن گئی ہے اور بلا تخصیص اہم اور غیر اہم خطوط کو محض یادگار و تبرک سمجھ کر شائع کیا جاتا ہے۔ زیر نظر مجموعہ اس اعتبار سے خصوصیت رکھتا ہے کہ اس میں مولانا عبدالماجد دریابادی کے جو خطوط شامل ہیں۔ ان میں سوائے چند کے سب کے سب اہم ہیں۔

مولانا دریابادی اپنے دور کی ایک ذہین شخصیت تھے وہ ایک عالم دین، فلسفی اور ادیب کی حیثیت سے معروف ہیں۔ اس ہمہ جہت شخصیت کے ہر پہلو سے واقفیت حاصل کرنے میں ان کے مضامین کے علاوہ یہ خطوط بہت مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ انھوں نے زندگی کے بہت سے نشیب و فراز دیکھے تھے۔ فکر و وجدان کے سہارے منزلیں طے کی تھیں۔ ٹھوکریں بھی کھائیں اور سنبھل کر راہ حق پر گامزن بھی ہوئے۔ ان سب کے نقوش خطوط سے ظاہر ہیں۔ وہ ایسی اہم شخصیت تھے کہ اپنے دور کی ہر بڑی ہستی سے ان کے روابط تھے اور ان سے خط و کتابت کا سلسلہ جاری تھا۔ ان میں سے ۱۹۱ حضرات کے نام لکھے ہوئے سیکڑوں خطوط اس مجموعے میں شامل ہیں۔

بچاسوں اشخاص کے بارے میں مولانا کی پسند و ناپسند کا علم ہوتا ہے۔ اختلافات کا پتہ چلتا ہے بہت سے مسائل میں ان کی آرا معلوم ہوتی ہیں۔ اور ان کے ذریعہ ان کے نقطۂ نظر کی وضاحت